یہی قانون ہے

یہی آپ کی زندگی ہے

MISSISSAUGA
Leading today for tomorrow

دھوئیں کا الارم زندگیاں بچاتا ہے

گھروں میں جان لیوا آتشزدگی رات کے وقت ہوتی ہے جب مکین سو رہے ہوتے ہیں۔ عام خیال کے برعکس، دھوئیں کے بو سوئے ہوئے فرد کو جگا نہیں سکتی۔ آگ سے جنم لینے والی زہریلی گیسیں اور دھواں حَواس کو بند کر کے آپ کو زیادہ گہری نیند میں لے جا سکتا ہے اور بعض اوقات بے ہوش بھی کر سکتا ہے۔ کم مہنگے گھریلو دھوئیں کے الارم آپ کو آگ سے خبردار کرتے ہیں۔ بچ نکلنے کا وقت دے کر دھوئیں کے الارم آپ کو گھریلو آتشزدگی میں مرنے سے بچاتے ہیں۔
حقیقی آتشزدگی میں ممکن ہے کہ آپ کے اہل خانہ کے پاس الارم بجنے کے بعد بچ نکلنے کے لیے ایک منٹ سے بھی کم وقت ہو۔

دھوئیں کا الارم نصب کرنا یہی قانون ہے

نئے قانون کے مطابق گھر کی ہر منزل میں 'چالو' دھوئیں کا الارم نصب کرنا لازمی ہے۔ یہ
آپ کے مکان کو کیسے متاثر کرتا ہے؟

1990 کے بعد سے تعمیر ہونے والے مکانات میں بجلی کے ذریعے باہم منسلک دھوئیں کے الارم ہر منزل پر نصب ہیں۔ جب تک یہ 'چالو' حالت میں ہیں کچھ کرنے کی ضرورت نہیں، تاہم تجویز کیا جاتا ہے کہ 10 برس سے پرانے الارم تبدیل کر دیں۔
1975 سے 1990 کے درمیان تعمیر ہونے والے مکانات میں خوابگاہ اور مکان کے باقی حصوں کے درمیان دھوئیں کے الارم نصب ہیں۔ اب غیر محفوظ منزلوں پر دھوئیں کے نئے الارم نصب کرنا بھی ضروری ہے۔ یہ تجویز بھی دی جاتی ہے کہ 10 سے پرانے بجلی سے اور بیٹری سے چلنے والے دھوئیں کے الارم تبدیل کر دئیے جائیں۔
1975 سے قبل تعمیر ہونے والے مکانات میں ممکن ہے کوئی بھی الارم نصب نہ ہو۔ ہر منزل پر دھوئیں کا چالو 'الارم' نصب ہونا ضروری ہے۔ یہ تجویز بھی دی جاتی ہے موجودہ بجلی سے اور بیٹری سے چلنے والے 10 برس سے پرانے الارم تبدیل کر دیں۔

دھوئیں کے الارم تبدیل کرنا

اگر آپ بجلی سے چلنے والے دھوئیں کے الارم تبدیل کر رہے ہیں تو ان کی جگہ بیٹری نہیں پورا الارم ہی لگانا چاہیے۔ اگر آپ کو باہم منسلک بجلی سے چلنے والے دھوئیں کا الارم تبدیل کرنا ہے کہ یقینی بنائیں کہ ان سب کو تبدیل کر کے ایک ہی مینوفیکچرر اور ماڈل کے الارم نصب کیے جائیں تا کہ ان کا تصادم نہ ہو۔ دھوئیں کے پرانے الارم تبدیل کرتے ہوئے نئے فیچرز جیسے کہ بیٹری بیک اپ (بجلی والے الارم میں) یا جعلی الارم بند کرنے کے لیے 'حش' بٹن، والے الارم منتخب کریں۔

دھوئیں کے الارموں کی دیکھ بھال اور آزمائش

- دھوئیں کا چالو الارم ہی آپ اور آپ کے اہل خانہ کو محفوظ بنا سکتا ہے۔
- دھوئیں کے کسی الارم کی بیٹری کسی دوسرے مقصد کے لیے 'ادھار' لے کر یا جعلی الارموں سے تنگ آ کر اس کی بیٹری نکالتے ہوئے الارم کو کبھی ناکارہ نہ کریں۔
- ہر ماہ اپنے الارموں کو الارم ٹیسٹ بٹن کے ذریعے ضروری آزمائیں۔ یہ طریقہ بھی اچھا ہے کہ مینوفیکچرر کی ہدایات کے مطابق جلتا ہوا کپڑا یا خوشبودار سٹک کے دھوئیں سے الارم کو وقتا فوقتا چیک کیا جائے۔
- سال میں کم از کم ایک مرتبہ بیٹریاں تبدیل کریں۔ اسے اس طرح یاد رکھا جا سکتا ہے کہ گھڑیوں کی بیٹریاں تبدیل کرتے ہوئے (موسم بہار یا خزاں میں) ان الارمون کی بیٹریاں بھی تبدیل کر دیں۔ دھوئیں کے الارم میں صرف مینوفیکچرر کی تجویز کردہ الکلائین بیٹریاں ہی ڈالیں۔
- مینوفیکچرر کی ہدایات کے مطابق ہر چھ ماہ بعد الارم میں سے مٹی صاف کریں۔
- دھوئیں کے الارم ہمیشہ نہیں چلتے۔ کوئی بھی دس برس سے پرانا ہے کہ اسے تبدیل کر دیں یہی۔

نوٹ: لفظ گھر کا استعمال عمومی ہے اور اس سے مراد کسی بھی قسم کی رہائشی عمارت ہے۔



یہی قانون ہے

1. دھوئیں کے الارموں کو عمارت کا مالک چالو حالت میں رکھے گا۔
2. کرایے کے مکانات میں مالک مکان کرایہ دار کو دھوئیں کے الارم بنانے والی کمپنی کی جانب سے فراہم کردہ ہدایات (یا فائر چیف کی منظور کردہ دستاویز) فراہم کرے گا۔
3. کوئی بھی شخص جان بوجھ دھوئیں کے الارم کو ناکارہ نہیں کرے گا حتیٰ کہ یہ چلنے کے قابل نہ رہے۔

آخری مگر سب سے آخری نہیں بچنے کی منصوبہ بندی کریں

نہایت اہم ہے کہ آپ نے آتشزدگی سے بچنے کا پلان بنایا ہو جس میں تمام ممکنہ خارجی راستے دکھائے گئے ہوں۔

اگر آپ کثیر المنزلہ اپارٹمنٹ بلڈنگ میں رہتے ہیں تو اپنی منزل سے خارجی سیڑھیوں کی جانب جانے والے راستے کا نقشہ بنا لیں۔

- یاد رکھیں، آتشزدگی سے بچنے کے لیے لفٹ کبھی استعمال **نہ کریں** اپنے گھر کے باہر ملاقات کی جگہ پر اتفاق کریں جہاں تمام اہل خانہ بچ نکلنے کے بعد ملیں گے۔
- اپنے بچاؤ کے پلان کی سال میں کم از کم دو مرتبہ مشق کریں۔ اپنی فائر ڈرل کو اس طرح شروع کریں کہ تمام اہل خانہ اپنی خوابگاہوں میں دروازے بند کر کے بیٹھے ہوں۔ ایک فرد الارم بجائے اور باقی گھر والے رینگتے یا نیچے جھک کر گھر سے باہر نکلیں اور ملاقات کے مقررہ مقام تک پہنچیں۔ ایسا بھی کیا جا سکتا ہے کہ آنکھوں پر پٹی باندھ کر یا آنکھیں بند کر کے مشق کی جائے تا کہ حقیقی آتشزدگی کا زیادہ سے زیادہ احساس پیدا کیا جا سکے۔

یاد رکھیں حقیقی آتشزدگی میں آپ ایک مرتبہ باہر نکلیں تو پھر باہر ہی رہیں! جلتی ہوئی عمارت میں کسی قیمت پر واپس نہ آئیں!

خلاف ورزیوں کی جانچ اور نفاذ

فائر پروٹیکشن اینڈ پری وینشن ایکٹ (Fire Protection and Prevention Act) کی شق **VI** میونسپل فائر انسپکٹرز کو اجازت دیتی ہے کہ وہ گھروں میں داخل ہو کر آتشزدگی سے حفاظت کے انتظامات کا جائزہ لے سکیں۔ ایسی جانچ پرکھ میں دھوئیں کے الارموں کی مناسب تنصیب اور دیکھ بھال شامل ہو سکتی ہے۔

فائر پروٹیکشن اینڈ پری وینشن ایکٹ کی شق VII کے تحت مذکورہ ایکٹ اور اونٹاریو فائر کوڈ (Ontario Fire Code)، بشمول رہائشی عمارتوں میں دھوئیں کے الارم کی تنصیب اور دیکھ بھال، کی خلاف ورزی کرنے والے کسی شخص کو جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔



دھوئیں والے الارم کا انتخاب

دھوئیں کے مطلوبہ الارموں (جو اونٹاریو بلڈنگ کوڈ (Ontario Building Code) کے تحت نصب کیے گئے) کا گھر کے بجلی کے سرکٹ سے منسلک ہونا ضروری ہے۔ دھوئیں کے اضافی الارم یا جو اونٹاریو فائر کوڈ کے تحت نصب کردہ الارم گھر میں بجلی کے سرکٹ سے منسلک ہو سکتے ہیں یا بیٹری پر چلنے والے یا دونوں کا امتزاج ہو سکتے ہیں۔ دھوئیں کے الارم دو قسم کے ہوتے ہیں، آئیونائزیشن (تیزی سے پھیلنے والی آگ کے لیے) اور فوٹو الیکٹرک (آہستہ آہستہ سلگنے والی آگ کے لیے)۔ یہ دونوں مختلف اصولوں کے تحت کام کرتے ہیں۔ اپنے اہل خانہ کو بہترین تحفظ فراہم کرنے کے لیے آپ کو اپنے گھر میں دونوں قسم کے الارم نصب کرنے چاہییں۔ یہ دو پہلوئوں سے نہایت ضروری ہے۔

1. آپ کے اہل خانہ دونوں قسم کی آتشزدگی سے محفوظ رہیں گے (تیزی سے پھیلنے والی آگ اور دھیرے دھیرے سلگنے والی آگ سے)

2. اپنے گھر کے ہر حصے کے لیے دھوئیں کے الارموں کا درست انتخاب 'جعلی' الارموں کا امکان ختم یا نہایت کم کر دے گا۔ جعلی الارموں کی کثرت کے باعث ممکن ہے آپ کے اہل خانہ حقیقی آتشزدگی پر الارم چلنے کو نظر انداز کر دیں۔ **آتشزدگی کی حقیقی صورتحال میں الارم بجنے کے بعد آپ کے اہل خانہ کے پاس بچ نکلنے کے لیے ایک منٹ سے بھی کم وقت ہو گا۔** مندرجہ ذیل چارٹ میں دونوں قسم کے الارموں کے فوائد گنوائے گئے ہیں:

دھوئیں کے الارم:	آئیونائزیشن	فوٹو الیکٹرک
بیٹری سے چلنے والے	✓	✓
بجلی سے چلنے والے	✓	✓
عام طور پر یہی نصب کیے جاتے ہیں (کم قیمت)	✓	
پتہ لگانے کی بہترین صلاحیت تیزی سے پھیلتی آگ کا	✓	
پتہ لگانے کی بہترین صلاحیت دھیرے دھیرے جلنے والی آگ کا		✓
جعلی الارموں کی صلاحیت (باورچی خانوں اور غسل خانوں کے قریب)	✓	
شاذو نادر ہی جعلی الارم		✓



آتشزدگی سے بچائو

اس کا انحصار آپ پر ہے

اپنے اہل خانہ کو آتشزدگی سے بہترین حفاظت کی فراہمی کے لیے:

بچیں آتشزدگی سے آگ سے بچنے کی عادات اپنا کر۔

آگ کا ابتدائی مرحلے میں ہی پتہ لگا لیں یقینی بنا کر کہ دھوئیں کے الارم موزوں طریقے سے نصب اور کام کر رہے ہیں۔

اہل خانہ کے **بچ نکلنے** کا پلان کر کے اور اس کی سال میں دو مرتبہ مشق کر کے آتشزدگی سے بچیں۔

مزید معلومات کے لیے
ہمارے پبلک ایجوکیشن آفس
کو 905-896-5908 پر کال کریں یا
وزٹ کریں ویب سائٹ
www.mississauga.ca

MISSISSAUGA
Leading today for tomorrow

380/2009